بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۵۴ — رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

یوم مدیر

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۵۷/۲۲ | ۴ شوال ۱۳۸۸ھ ۲۵ فتح ۱۳۴۷ ہش ۲۵ دسمبر ۱۹۶۸ء | نمبر ۲۹۰

## اخبار احمدیہ

ربوہ ۲۴ فتح۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ۔ احباب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و سلامتی کے لئے التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔

ربوہ ۲۴ فتح۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ احباب حضرت سیدہ مدظلہا کی صحت و عافیت اور درازی عمر کے لئے توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

## تحریک دعائے خاص

جیسا کہ احباب کو علم ہے عزیز جعفر احمد خان سلمہ ابن نواب زادہ عباس احمد خان صاحب کا دماغ کا ایک اور اپریشن ہونا ہے احباب جماعت ان ایام میں خاص توجہ اور درد و الحاح سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ عزیز موصوف کو معجزانہ طور پر صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین اللّٰھم آمین

## دیر تک باسی نہ ہونے والی روٹیوں کا تجربہ

بعدہٗ حضور محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ اور ان کے نائبین اور بعض دیگر احباب کے ہمراہ افسر صاحب جلسہ سالانہ کے اپنے دفتر کے اندر تشریف لے گئے اور وہاں کچھ دیر رونق افروز رہ کر ایسی روٹیاں

(باقی دیکھیں صفحہ ۸ پر)

# جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات کی تکمیل اور ان کا تفصیلی معائنہ

## حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے معائنہ کے دوران افسران متعلقہ کو ضروری ہدایات سے نوازا

## دیر تک باسی نہ ہونے والی روٹیوں کا تجربہ۔ سوئی گیس سے کھانا تیار کرنے کے خصوصی انتظامات

ربوہ ۲۴ فتح۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ نے کل قریباً دو گھنٹے تک جلسہ سالانہ کے انتظامی شعبوں کا معائنہ فرمایا اور اس تفصیلی معائنہ کے دوران شعبہ جات کے افسران کو بیش قیمت ہدایات سے نوازا

### انتظامی شعبوں کا معائنہ

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کل گیارہ بجے قبل دوپہر کچھ دیر بعد محترم جناب سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ اور مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ افسر خدمت خلق و نائب افسر جلسہ سالانہ کی معیت میں قصر خلافت سے بذریعہ موٹر کار دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لائے۔ جہاں جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامی شعبے ۲۲ فتح مطابق یکم شوال سے ہنگامی بنیادوں پر مصروف کار ہیں۔ حضور کے تشریف لانے پر نائب افسران جلسہ سالانہ مکرم پروفیسر بشارت الرحمٰن صاحب اور مکرم سید محمود احمد صاحب ناصر نے آگے بڑھ کر حضور کا استقبال کیا۔ حضور محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ اور ان کے ہر سہ نائبین کی معیت میں اس مقام پر تشریف لائے۔ جہاں انتظامی شعبوں کے ناظمین اور کارکن ایک خاص ترتیب اور نظام کے تحت صفوں میں ایستادہ تھے۔ حضور نے شعبہ جات کے ناظمین اور ان کے عقب میں کھڑے ہوئے ان کے معاونین کے پاس تشریف لے جا کر شعبہ جات سے متعلق انتظامات کے بارہ میں ان سے متعدد امور دریافت فرمائے۔ نیز انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور مہمانوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت بہم پہنچانے کے متعلق انہیں ضروری ہدایات سے نوازا۔ اس کے بعد حضور باری باری جملہ نظامتوں اور شعبہ جات کے مرکزی دفاتر میں تشریف لے گئے اور ان دفاتر کے طریق کار کا جائزہ لینے اور افسران متعلقہ کو بیش قیمت ہدایات سے نوازنے کے بعد حضور دفتر جلسہ سالانہ کے برآمدہ میں تشریف لائے اور وہاں کھڑے ہو کر حضور نے اجتماعی دعا کرائی۔ جس میں شعبہ جات کے ناظمین، دیگر افسران، معاونین اور کارکن (جو برآمدہ کے سامنے میدان میں صفوں میں ایستادہ تھے) شریک ہوئے۔ دعا کے بعد جملہ معاونین اور کارکنان کو اپنی اپنی ڈیوٹیوں پر واپس جانے کی اجازت دی گئی۔

# ربوہ میں عید الفطر کی نہایت بابرکت تقریب

## نمازِ عید حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے پڑھائی اور عید کی حقیقت پر خطبہ ارشاد فرمایا

ربوہ۔ یہاں عید الفطر کی مبارک تقریب ۲۲ فتح (دسمبر) ۱۳۴۷ ہش مطابق یکم شوال ۱۳۸۸ ہجری بروز اتوار اسلامی طریق کے مطابق اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ سادہ اور پُروقار طریق پر منائی گئی۔ اہل ربوہ نے ہزاروں کی تعداد میں جن میں مرد مستورات اور بچے سب شامل تھے، نیز دور و نزدیک سے آنے ہوئے کثیر التعداد احباب نے مسجد مبارک میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ حضور نے نماز پڑھانے کے بعد خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں عید کی حقیقت پر بہت ایمان افروز پیرایہ میں روشنی ڈالی

ربوہ میں بھی چونکہ ۲۹ رمضان المبارک مطابق ۲۰ فتح کی شام کو چاند نظر نہ آیا تھا۔ لہٰذا رمضان کے پورے تیس روزوں کے بعد ۲۲ فتح مطابق یکم شوال ۱۳۸۸ھ کو عید منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے نماز عید کا وقت ۹½ بجے صبح مقرر ہوا۔ چنانچہ اس وقت ۹½ بجے سے قبل ہی نہ صرف ہزاروں کی تعداد میں اہل ربوہ بلکہ دور دراز مقامات سے آئے ہوئے کثیر التعداد احباب بھی آ جمع ہوئے حتیٰ کہ مسجد ہی نہیں اس سے ملحقہ وسیع احاطہ بھی نمازیوں سے پُر ہو گیا۔ امسال چونکہ عید کے چند روز بعد ہی جلسہ سالانہ کے مقدس و بابرکت اجتماع کا انعقاد عمل میں آ رہا ہے اس لئے دور دراز مقامات کے بہت سے احباب پہلے ہی ربوہ تشریف لے آئے تا کہ جلسہ سے قبل عید بھی ربوہ میں ہی

(باقی صفحہ ۸ پر)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۵ فتح ۱۳۴۷ ہش

# تاریخ احمدیت جلد نہم

اللہ تعالیٰ کے فضل سے امسال تاریخ احمدیت کی جلد نہم دوستوں کے ہاتھوں میں آرہی ہے۔ اس جلد میں ۱۳۱۹ ہش (۱۹۴۰) سے لیکن ۱۳۲۳ ہش (۱۹۴۴) تک کے واقعات قلمبند کئے گئے ہیں۔ واقعات کے لحاظ سے یہ عرصہ ہماری تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ دور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی پچیس سالہ جوبلی کے عین بعد سے شروع ہو کر پیشگوئی متعلقہ مصلح موعود کے مصداق ہونے کے اعلان کے بعد تک چلا گیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس دور میں جماعت نے سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں نیا جوش اور نئی زندگی حاصل کی ہے۔ اور جو کارنامے حضور رضی اللہ عنہ کی قیادت میں جماعت نے سرانجام دئیے ہیں۔ ان میں سے اکثر زیادہ اہم اور نتیجہ خیز کارنامے اس دور سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں سے چیدہ چیدہ تاریخ ساز واقعات یہ ہیں۔ تقویم ہجری شمسی کا اجراء، مجلس انصار اللہ کا قیام، تفسیر کبیر جلد سوم کی اشاعت، انگلستان میں پہلا مناظرہ۔ حکومت پنجاب کا تحریری معذرت نامہ، علامہ محمود شلتوت کا فتوے وفات مسیح، قلعہ کی تحریک، تحریک نظام نو۔ افتاء کمیٹی کا قیام، پیشگوئی متعلق مصلح موعود ہونے کا اعلان اور اس کے تعلق میں مختلف مقامات پر ہنگامہ خیز جلسے۔ حضرت ام طاہر سیدہ مریم بیگم رضی اللہ عنہا اور حضرت میر محمد اسحاق صاحب رضی اللہ عنہ کا انتقال نہایت اہم تحریکیں۔ مجلس علم و عرفان کا آغاز۔ الغرض یہ دور تاریخ احمدیت میں خاص اہمیت رکھتا ہے اور اس کا مطالعہ جماعت کے ہر فرد کے لئے نہایت ضروری ہے۔ دراصل اس زمانہ میں جماعت میں نئی روح پھونکی گئی۔ اور جو ترقیات آج تک جماعت میں ظہور پذیر ہوئی ہیں۔ ان میں سے اکثر کی بنیاد اسی دور میں استوار ہوئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ زمانہ سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا نہایت نمایاں سرگرمیوں کا زمانہ ہے۔ جن کی کثرت اور کیفیت سے واقفیت ہر جاندار احمدی کے لئے باعث ازدیاد ایمان اور دوسروں کے لئے نمونہ ہے۔ زندہ جماعت کے زندہ امام اور اس کے زندہ کارناموں کی جھلک دیکھنا ہو تو اس زمانہ میں اس کا برملا اظہار ہوتا ہے اگرچہ جماعت احمدیہ کا ہر دور اہم ہے۔ لیکن قدرتاً بعض ایام ایسے بھی گاہ بگاہ آتے ہیں۔ جب خاموش اور متواتر جدوجہد ایک خاص بلندی اور درجۂ حرارت کو پہنچ جاتی ہے۔ جس طرح انسانی زندگی ویسے تو روزمرہ کی سرگرمیوں میں خاموشی سے گزرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن بعض ایسے مواقع بھی اس میں آتے ہیں۔ جب نمایاں طور پر زندگی کا احساس بیدار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جماعتوں کی زندگی میں بھی ایسے دور آتے ہیں۔ جب وہ اپنی زندگی کا قابل احساس ثبوت بہم پہنچاتی ہے۔ جماعت احمدیہ کی زندگی میں جوبلی سے لے کر مصلح موعود ہونے کے دعوے تک کا زمانہ اسی قسم کا ایک دور ہے۔ اور تاریخ احمدیت کی جلد نہم میں اس زمانہ کی مختصر روئداد بیان کی گئی ہے۔ سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا یہ نہایت درخشاں باب ہے۔ اور آپ کی قیادت میں جماعت نے جو ارتقائی منازل طے کی ہیں۔ ان کا ذکر ایسا ہے۔ کہ ہر فرد جماعت کو اس سے باخبر رہنا نہایت ضروری ہے۔

ہمیں مؤلف مکرم مولوی دوست محمد صاحب اور ناشر مکرم ابوالمنیر نورالحق مینجنگ ڈائرکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ کا شکرگزار ہونا چاہیئے کیونکہ انہوں نے نہایت عرق ریزی اور محنت سے یہ ارمغان بیش بہا جماعت کے لئے تیار کیا ہے۔ ان تمام دوستوں کا بھی شکرگزار ہونا لازمی ہے۔ جنہوں نے کتاب کی تیاری میں کسی نہ کسی پہلو سے مؤلف اور ناشرین کی مدد کی ہے۔ کتاب کتابی سائز کے ۶۳۲ صفحات پر نہایت عمدہ کاغذ اور لکھائی چھپائی کے ساتھ شائع ہوئی ہے جلد مضبوط ہے شروع میں مکرم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی طرف سے مختصر مگر جید الفاظ میں کتاب کی اہمیت پر تمہید ہے۔ اور ناشرین کی طرف سے پیش لفظ بھی ہے۔ ۱۶ عدد تصاویر بھی شامل ہیں۔ ادارۃ المصنفین اور ربوہ کے تمام کتب فروشوں اور جلسہ پر کتابوں کے ہر سٹال سے خریدی جا سکتی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ کوئی دوست اگلا جلد سے محروم نہیں رہے گا۔ اور اپنا تاریخی سیٹ مکمل کرنے کی کوشش کرے گا۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔

## احباب اپنے بچوں کی حفاظت کا خاص خیال رکھیں

جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانان کرام کی خدمت میں گزارش ہے کہ جلسہ کے موقعہ پر اپنے بچوں کی حفاظت کا بہت خیال رکھیں۔ اور حتی الوسع انہیں اپنے آپ سے علیحدہ نہ ہونے دیں۔ اس کے علاوہ بچہ کی جیب میں ایک شناختی کارڈ یا کاغذ ہر وقت رکھیں۔ جس پر اس کے والد کا نام اور ربوہ میں رہائش کا مکمل پتہ درج ہو۔ تاکہ اگر خدانخواستہ بچہ آپ سے الگ ہو جائے تو آسے سہولت سے آپ تک پہنچایا جا سکے۔ اس کے علاوہ آپکو کوئی بچہ اگر اپنے عزیزوں سے بچھڑا ہوا ملے تو اسے دفتر معلومات و فوری امداد واقع احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں پہنچا دیں۔

(ناظم معلومات و فوری امداد)

## جھنگ سے آنیوالی اسپیشل ٹرین کے اوقات

جھنگ ربوہ سپیشل گاڑی جھنگ سے مورخہ ۲۵ دسمبر صبح سوا نو بجے ربوہ کے لئے انشاءاللہ روانہ ہوگی اور ۵ بجے شام ربوہ پہنچے گی۔ اسی گاڑی کی واپسی ربوہ سے جھنگ ۲۹ دسمبر صبح ۹-۴۵ پر ہوگی۔ (ناظم استقبال جلسہ سالانہ)

رنگ و خوشبوئے عبودیت بساتے آئیے
نعت پڑھتے آئیے الحمد گاتے آئیے
جلسۂ سالانہ ربوہ ہے رحمت کی بہار
یاسمین و نسترن کے گل کھلاتے آئیے

تنویر

## کارکنان جلسہ سالانہ کے لئے ضروری اعلان

خاکسار نے چند گزارشات جلسہ سالانہ پر کام کرنے والے کارکنان کی خدمت میں پیش کی تھیں جو الفضل کے اسی پرچہ میں شائع ہو رہی ہیں۔ امید ہے ان کو تمام کارکنان زیر نظر رکھیں گے۔ اس کے لکھے جانے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ نے خطبہ جمعہ میں جامع ہدایات دی ہیں۔ اصل ہدایات یہی ہیں جنہوں نے خطبہ جمعہ سنا ہے وہ ان پر عمل کریں جنہوں نے نہیں سنا وہ دوسروں سے معلوم کر لیں۔ فلیبلغ الشاھد الغائب۔

(خاکسار سید داؤد احمد افسر جلسہ سالانہ)

# ضروری اعلان

ممبران کمیٹی تجارت وصنعت اور سیکرٹریان تجارت وصنعت کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت محترم جناب کرنل محمد عطاء اللہ صاحب ۲۶ رفتح ۱۳۴۷ہش (مطابق ۲۶ ردسمبر ۱۹۶۸ء) کو کمیٹی روم صدر انجمن احمدیہ میں بوقت ۲½ بجے بعد نماز مغرب وعشاء ہونا قرار پایا ہے۔ احباب مہربانی فرما کر وقت مقررہ پر تشریف لا کر ممنون فرماویں۔

(ناظر تجارت وصنعت صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

# پروگرام جھنگ سپیشل ٹرین

| اسٹیشن | آمد | روانگی | واپسی ربوہ سے جھنگ مورخہ ۲۹ر دسمبر بوقت پونے دس بجے صبح | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جھنگ | × | ۹-۴۲ صبح مورخہ ۲۵ دسمبر | ربوہ | | ۹—۴۵ |
| چنیوٹ | ۱۰—۰۴ | ۱۰—۰۸ | ہنڈیوالی | ۱۰—۳۶ | ۱۰—۳۷ |
| شاہ جیونہ | ۱۰—۲۸ | ۱۰—۲۹ | الدانہ | ۱۰—۵۸ | ۱۰—۵۹ |
| شاہ نکدر | ۱۰—۴۴ | ۱۰—۴۵ | سلانوالی | ۱۱—۰۷ | ۱۲—۰۸ |
| سوبھاگہ | ۱۱—۰۰ | ۱۱—۱۰ | ہریانوالہ | ۱۱—۱۹ | ۱۱—۲۰ |
| ہریانوالہ | ۱۱—۲۰ | ۱۱—۲۱ | سوبھاگہ | ۱۱—۳۰ | ۱۱—۴۰ |
| سلانوالی | ۱۱—۳۳ | ۱۱—۳۴ | شاہ نکدر | ۱۱—۵۴ | ۱۱—۵۵ |
| الدانہ | ۱۱—۴۴ | ۱۱—۴۵ | شاہ جیونہ | ۱۲—۰۵ | ۱۲—۰۶ |
| ہنڈیوالی | ۱۲—۰۵ | ۱۲—۰۷ | چنیوٹ | ۱۲—۲۵ | ۱۲—۲۶ |
| ربوہ | ایک بجے بعد دوپہر | | جھنگ | ۱—۱۵ بعد دوپہر | |

(ناظم استقبال جلسہ سالانہ)

# دو بزرگوں کی وفات

(۱) افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ مورخہ ۲۰ رفتح (دسمبر) کو بروز جمعۃ المبارک محترم جناب حاجی عبدالکریم صاحب آف کراچی وفات پا گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

(۲) اگلے روز مورخہ ۲۱ رفتح (دسمبر) کی صبح کو ایک اور بزرگ یعنی حضرت مرزا عبدالکریم صاحب (جو کہ حضرت مرزا محمد اسمٰعیل صاحب المعروف چیٹھی مسیح کے فرزند اور مکرم ڈاکٹر مرزا عبدالقیوم صاحب۔ مکرم مرزا عبدالرؤف صاحب اور مکرم مرزا عبدالسمیع صاحب کے والد بزرگوار تھے) انتقال فرما گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

(مفصل خبر بعد میں)

الفضل کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہر احمدی کا قومی فرض ہے۔


## اب ربوہ میں

ہمارا ایک مستقل دواخانہ بالمقابل ایوان محمود آپ کی خدمت کے لئے ہر وقت کھلا رہتا ہے اپنی طبی ضروریات کے لئے اس سے فائدہ اٹھائیں۔

میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز
گوجرانوالہ

## سُرمہ ممیرا خاص

اس سرمہ کی تعریف کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہر کس وناکس اس کے فوائد سے بخوبی واقف ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چند روزہ استعمال ہی سے ککرے۔ دھند، جالا، ضعف بصارت آنکھوں کی سرخی اور چھپروں کی خارش سے مکمل آرام آجائے گا۔

قیمت فی تولہ صرف تین روپے

دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ ربوہ



## جلسہ سالانہ کے موقع پر نئی پیشکش
# سیرۃ خاتم النبیینؐ
حصہ دوم

قمر الانبیاء حضرت مرزا بشیر احمدؓ کی معرکۃ الآراء تصنیف

جو برصغیر کی نادر اور معروف شخصیتوں سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے آپ کی یہ معرکۃ الآراء تصنیف سیدنا حضرت خاتم النبیین محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرۃ طیبہ پر نہایت بلند پایہ مستند اور صحیح حالات پر مشتمل سیرۃ ہے جس میں مستشرقین کے اعتراضات کے مدلل جوابات دیئے گئے ہیں۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرۃ طیبہ کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے اس لئے اس مستند کتاب کا ضرور مطالعہ فرمائیے جلسہ سالانہ کے موقع پر ہمارے سٹال سے حاصل کریں یا بذریعہ وی پی طلب فرمائیں۔

ھدیہ مجلد جلد اوّل پانچ روپے فی جلد علاوہ محصول ڈاک۔
" " دوم گیارہ روپے فی جلد

ملنے کا پتہ:۔ الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ

# ربوہ میں پی آئی اے کا خاص بکنگ اور ریزرویشن آفس

سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے والے پاکستانی اور غیر ممالک سے آنے والے حضرات کی سہولت کے لئے پی آئی اے نے گول بازار ربوہ میں ایک خاص بکنگ اور ریزرویشن آفس قائم کیا ہے۔

سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے والے حضرات پاکستان کے کسی بھی شہر یا بیرون ملک کے لئے ہوائی سفر کی بکنگ اور ریزرویشن اب ربوہ ہی میں کرا سکیں گے۔

زرمبادلہ اور اسٹیٹ بینک سے متعلق دوسرے کاموں کے سلسلے میں لائل پور میں پی آئی اے کا دفتر آپ کی ہر ممکن مدد کرے گا۔

PIA

پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز

IAL-IPR-180

# تاریخ احمدیت جلد نہم

احباب جماعت اس خبر سے یقیناً مسرور و محظوظ ہوں گے کہ تاریخ احمدیت کی جلد نہم عنقریب طبع ہو کر احباب کے ہاتھوں میں پہنچ رہی ہے اس نئی جلد کی ضخامت قریباً پونے سات سو صفحات ہے اور یہ ۱۳۱۹ھش (۱۹۴۰ء) سے لیکر ۱۳۲۳ھش (۱۹۴۴ء) تک کے نہایت روح پرور انقلاب انگیز اور ایمان افروز واقعات پر مشتمل ہے اس عرصہ میں دیگر بہت سے اہم اور ضروری اور ناقابل فراموش اور یادگار واقعات کے علاوہ مندرجہ ذیل واقعات پر خاص طور پر روشنی ڈالی گئی ہے

* جماعت احمدیہ میں تقویم ہجری شمسی کا آغاز
* نواب بہادر یار جنگ کی قادیان میں آمد
* مجلس انصار اللہ جیسی عالمگیر تحریک کا قیام * تفسیر کبیر کی اشاعت
* واقعہ ڈلہوزی ، ترکی وفد اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رض

[redacted]

* پیشگوئی مصلح موعود کا تاریخی پس منظر اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی پر مصلح موعود کے مصداق ہونے کا عظیم الشان انکشاف. حضرت سیدہ ام طاہر صاحبہ اور حضرت میر محمد اسحاق صاحب کا المناک وصال
* حضرت المصلح الموعود کی جاری فرمودہ تحریکات * دور مصلح موعود میں ہوشیار پور، لاہور، لدھیانہ، اور دہلی میں مصلح موعود کے پرشکوہ جلسے اور مجلس علم و عرفان
* اس کتاب کی ایک بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں اخبار ریاض ہند امرتسر کے اس پرچہ کے کچھ صفحات کا عکس آ رہا ہے کہ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلے مورخہ ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کو اشتہار شائع فرمایا۔ اور جس سے زندہ خدا کے ایک زندہ و تابندہ نشان کی دنیا بھر میں منادی کی گئی اس طرح متعدد نادر و نایاب فوٹو بھی اس کتاب کی زینت ہیں غرضیکہ تاریخ احمدیت کی یہ نئی جلد اپنی گذشتہ روایات کے مطابق علمی اعتبار سے نہایت بلند پایہ اور گرانقدر معلومات کا مرقع ہے جس سے سلسلہ کے لٹریچر میں شاندار اضافہ ہو رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی احمدی گھرانہ اس علمی شاہکار سے خالی نہ رہے۔

ابو المنیر نور الحق
مینجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ

## جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر الفضل کا خاص نمبر

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر امسال بھی ایک ضخیم اور بانصویر خاص نمبر ہدیہ قارئین کیا جا رہا ہے۔ یہ نمبر بعض دیگر قیمتی مضامین کے علاوہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اس معرکۃ الآراء تقریر کے مکمل متن پر مشتمل ہے جو حضور نے امسال اجتماع انصار اللہ کے موقع پر ارشاد فرمائی تھی اس تقریر میں حضور نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی وجد آفرین تحریرات کی روشنی میں آیت استخلاف کی نئے زاویہ نگاہ سے ایک جدید اور نہایت درجہ پر معارف و لطیف تفسیر بیان فرمائی ہے اور خلافت راشدہ کی عظمت و رفعت کے ایک نئے پہلو کو مسحور کن انداز میں واضح فرمایا ہے۔ نیز یہ خاص نمبر حضور ایدہ اللہ کے ایک نہایت ہی دیدہ زیب نادر فوٹو سے بھی جسے خاص اہتمام سے طبع کرایا گیا ہے مزین ہے۔ خریدار صاحبان اپنا چٹ نمبر بتا کر یہ بیش قیمت نمبر جلسہ سالانہ پر حاصل کر سکیں گے۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں حسب سابق الفضل شائع نہیں ہو گا۔ جاسکہ بفضلہ تعالیٰ ۳۱ فتح کی شام کو پرچہ شائع ہو گا۔ جو جلسہ کی روداد پر مشتمل ہو گا۔ (مینیجر الفضل)

## قائدین علاقائی و اضلاع کیلئے

جملہ قائدین علاقائی و اضلاع جلسہ سالانہ کے موقعہ پر سہ ماہی چہارم سال ہیڈ پبلسٹی کی گرانٹ کی رقوم دفتر مرکزیہ سے حاصل کر لیں۔

(معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

## شرح چندہ روزنامہ الفضل ربوہ

| | | |
|---|---|---|
| سالانہ قیمت ۳۰/- روپے | خطبہ نمبر سالانہ ۸/- روپے | سمندری ڈاک |
| ششماہی ،، ۱۶/- | ممالک بیرون کیلئے | سالانہ ۵۰/- روپے |
| سہ ماہی ،، ۹/- | سالانہ ہوائی ڈاک | (مینیجر الفضل ربوہ) |
| ماہانہ ۳/۷۵ | کینیڈا اور امریکہ ۲۶۶/- | |
| فی پرچہ ۱۵ پیسے | افریقہ انگلینڈ ۲۰۶/- | |

## ویسٹ پاکستان ریلوے بورڈ
# ٹنڈر نوٹس
نمبر PR-I/68/TR/8

۱- ۹۰ پونڈ ریلز کے ۰۰۰ ۵ ٹن ، ۹۰ پونڈ ریلز کیلئے فش پلیٹس کے ۱۵۰ ٹن اور ۰۰۰ ۷ الومی نا تھرمک پورشنز وغیرہ جو پاکستان ویسٹرن ریلوے کو درکار ہے کی فراہمی کے لئے ٹنڈر مطلوب ہیں۔ فراہمی شیڈول آف ریکوائرمنٹ میں درج اعداد و شمار اور پی آر ایس کنڈیشنز آف کنٹریکٹ نمبر ۵۰۳ کے مطابق ہو
۲- ٹنڈر دستاویزات بشمول ہدایات برائے ٹنڈر دہندگان، ٹنڈر فارم شیڈول آف ریکوائرمنٹ اور کنڈیشنز آف کنٹریکٹ وغیرہ دفتر سیکرٹری ریلوے بورڈ گورنمنٹ آف ویسٹ پاکستان پی ڈبلیو آر ہیڈ کوارٹرز (کمرہ نمبر پہلی منزل) ایمپریس روڈ لاہور یا دفتر ڈسٹرکٹ کنٹرولر آف پرچیز انسپکشن پی ڈبلیو ریلوے کراچی چھاؤنی سے ۱۰ دسمبر ۱۹۶۸ء تا ۱۹۶۹ء کسی بھی کام کے دن اور ۱۲ بجے دن کے دوران ۲۵/- روپے فی سیٹ کی ادائیگی پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہ رقم ہرگز واپس نہ کی جائیگی۔
۳- ٹنڈر صرف اسی صورت میں قابل قبول ہوں گے جبکہ وہ اصل مقررہ فارم پر موصول ہوں گے اور ان کے ہمراہ ٹنڈر دستاویزات سے منسلکہ شیڈول بھی ارسال کریں۔
۴- ٹنڈر سیکرٹری ریلوے بورڈ گورنمنٹ آف ویسٹ پاکستان پی ڈبلیو آر ہیڈ کوارٹرز ایمپریس روڈ لاہور کو ۱۵ فروری ۱۹۶۹ء تک پہنچ جانے چاہئیں یا اس تاریخ اور وقت سے پہلے پہلے دفتر ڈپٹی چیف پروکیورمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ ریلوے بورڈ پی ڈبلیو آر ہیڈ کوارٹرز کمرہ نمبر ۱۹ گراؤنڈ فلور) ایمپریس روڈ لاہور میں رکھے ہوئے ٹنڈر بکس میں ڈالے جائیں۔ ٹنڈر ۱۵ فروری ۱۹۶۹ء کو دس بجے دن بر سر عام کھولے جائیں گے۔

اے ایچ خان پی آر ایس برائے سیکرٹری ریلوے بورڈ
(۱۴۴ (ل) ۶۱/۳۴)

## جلسہ سالانہ پر نایاب تحفے

احمدیہ بکڈپو ربوہ کی طرف سے جلسہ سالانہ پر حضرت حکیم الامت حاجی الحرمین حافظ مولانا نور الدین خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے خطبات جمعہ ، عیدین و نکاح قبل از خلافت کا مجموعہ اور سیرت ظفر ، حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی کے سوانح پیش کئے جا رہے ہیں۔ احباب جلسہ سالانہ کے ایام میں ہر بک سٹال سے حاصل کریں۔ قیمت خطبات نور جلد اول بلا جلد چار روپیہ مجلد چار روپیہ پچاس پیسے سیرت ظفر ۳/- روپیہ۔ مینیجر احمدیہ بکڈپو ربوہ

## ولائتی کھانیوالے انڈے

خلیل پولٹری فارم ربوہ سے ساڑھے تین (۳½) روپے درجن حاصل کریں

## الفضل میں اشتہار دینا کلید کامیابی ہے

یونس احمد اسلم مرحوم
درویش قادیان کی
یادگار
سرمہ درویش و درویش کاجل
دواخانہ درویش قادیان کا بے نظیر تحفہ
حضرت مولانا نور الدین رضی اللہ عنہ کا نسخہ ہے

یہ سرمہ آنکھوں کی جملہ امراض کے لئے بیحد مفید ثابت ہوا ہے دھند ، جالا ، سرخی ، ککرے ، نیز پڑبال کی امراض میں خاص طور پر فائدہ مند ہے نظر کی کمزوری کے لئے بھی بہت مفید ہے کئی سال سے بیحد مقبول ہو رہا ہے۔ احباب استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ
درویش کاجل آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے اور صاف رکھتا ہے اور آنکھوں کو خوبصورت بناتا ہے قیمت فی شیشی سوا روپیہ۔

ملنے کا پتہ
پاکستان میں افضل برادر گولبازار ربوہ
المشتہر اہلیہ قریشی یونس احمد اسلم مرحوم قادیان

شرح بخاری جزو نہم و دہم جلسہ سالانہ کے موقعہ پر بک سٹال سے حاصل کریں قیمت آٹھ روپے صرف ضخامت چار صد صفحات ادارۃ المصنفین ربوہ

# جلسہ سالانہ پر جماعتی ملاقاتوں کا پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے جلسہ سالانہ کے ایام میں جماعتی ملاقاتوں کا پروگرام درج ذیل ہے جماعتیں اپنی اپنی ملاقات کی تاریخ اور وقت نوٹ کر لیں اور اسکے مطابق ملاقات کا شرف حاصل کریں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

| تاریخ | وقت | نام جماعت ہائے | عرصہ ملاقات |
|---|---|---|---|
| ۲۶-۱۲-۶۸ | ۸-۰۰ صبح | لاہور شہر و ضلع | ۵۰ منٹ |
| " | | کیمل پور شہر و ضلع | ۵ منٹ |
| " | ۷-۳۰ | گجرات شہر و ضلع | ۳۵ منٹ |
| " | | پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن | ۴۰ منٹ |
| " | | شیخوپورہ شہر و ضلع | ۴۰ منٹ |
| " | | جہلم شہر و ضلع | ۱۵ منٹ |
| " | | ڈیرہ غازیخان شہر و ضلع | ۱۵ منٹ |
| " | | میانوالی شہر و ضلع | ۵ منٹ |
| ۲۷-۱۲-۶۸ | ۸-۰۰ صبح | ملتان شہر و ضلع | ۴۰ منٹ |
| | | راولپنڈی شہر و ضلع | ۴۵ منٹ |
| | ۷-۳۰ شام | سیالکوٹ شہر و ضلع | ۸۵ منٹ |
| | | بیعت | ۱۰ منٹ |
| | | گوجرانوالہ شہر و ضلع | ۴۵ منٹ |
| ۲۸-۱۲-۶۸ | ۸-۰۰ صبح | حیدرآباد خیرپور ڈویژن | ۵۰ منٹ |
| | | کراچی | ۴۰ منٹ |
| | | آزاد کشمیر | ۱۵ منٹ |
| ۲۸-۱۲-۶۸ | ۷-۳۰ شام | کوئٹہ بلوچستان | ۱۵ منٹ |
| | | بہاولپور ڈویژن (ہر سہ اضلاع) | ۳۰ منٹ |
| | | بیعت | ۱۰ منٹ |
| | | جھنگ شہر و ضلع | ۱۵ منٹ |
| | | ساہیوال شہر و ضلع | ۲۵ منٹ |
| | | مظفر گڑھ | ۱۵ منٹ |
| ۲۹-۱۲-۶۸ | ۹-۰۰ صبح | سرگودھا شہر و ضلع | ۵۰ منٹ |
| | | بیعت | ۱۰ منٹ |
| | | لائلپور شہر و ضلع | ۵۰ منٹ |
| | | مشرقی پاکستان | ۵ منٹ |
| | | بیرونی ممالک | ۱۰ منٹ |
| | | ہندوستان سوائے قادیان | ۲۵ منٹ |
| | | قادیان | ۲۰ منٹ |

## ایام جلسہ میں پرائیویٹ رہائش کے انتظام کے متعلق ضروری اطلاع

نظامت مکانات جلسہ سالانہ کی طرف سے جلسہ کے ایام میں پرائیویٹ رہائش کے سلسلہ میں آمدہ مطالبات کے جوابات ۱۱-۱۲-۶۸ کو احباب جماعت کی خدمت میں بذریعہ ڈاک بھجوا دیئے گئے ہیں۔ ایسے احباب چٹھی کی روانگی نمبر کے حوالہ کے ساتھ وصولی کی جلد اطلاع دیکر ممنون فرمادیں۔

ناظم مکانات جلسہ سالانہ

## ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق احباب کی سہولت کے لئے دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ میں منتقل کیا جارہا ہے۔ جملہ احباب الفضل سے متعلقہ امور کے سلسلہ میں جلسہ کے دوران وہاں تشریف لائیں اور خریداری نمبر بھی اپنے ساتھ لائیں۔

(مینجر الفضل)


## زمین نے اپنے خزانے اُگل دیئے

(۱) دو ہزار سال سے وادی قمران فلسطین کے سینہ میں جو تاریخی خزانے مدفون تھے حضرت مسیح محمدی پاک کی تائید میں نکال باہر کئے۔ ہزار روپیہ خرچ کرکے خاکسار نے احباب کے ایمان کو تازہ کرنے اور طالبان حق کی ضیافت طبع کے لئے انہیں شائع کردیا ہے (۱)

(۲) چشم دید شہادت واقعہ صلیب مسیح ناصری علیہ السلام بصورت مکتوب سکندریہ لائبریری میں جو محفوظ اور انگریزی زبانوں سے ترجمہ ہوکر نیز مقدس کفن یادداشے عیسیٰ مع فوٹو قیمت ہر دو ... روپیہ

(۳) حضرت مسیح کشمیر میں کیسے پہنچے؟ کب پہنچے کتنے عرصہ میں کس راستہ سے؟ اس کا مفصل بیان مورخ کشمیر قریشی اسد اللہ صاحب فاضل مربی سلسلہ نے قلمبند کیا ہے۔ ساتھ ہی حضرت اقدس کے چھ تبلیغی شاہکار قیمت صرف اڑھائی روپے۔

(۴) صحائف قمران مجلد دو روپیہ (۵) جذبت الحق الحق آیۃ (۶) ظہور احمد موعود ... روپیہ

حکیم عبد اللطیف شاہد تاجر کتب ہاشمی دواخانہ گولبازار ربوہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرۃ طیبہ کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے

اس کیلئے

## سیرۃ خاتم النبیین

مصنفہ قمر الانبیاء حضرت مرزا بشیر احمد کا مطالعہ فرمائیے

آپ کی یہ معرکۃ الآراء تصنیف جہاں حضور علیہ السلام کی سیرۃ طیبہ پر نہایت مستند اور صحیح حالات پر مشتمل ہے وہاں اس میں مستشرقین کے اعتراضات کے مدلل جوابات بھی دیئے گئے ہیں۔

اس لئے یہ کتاب تربیت اور تبلیغ ہر دو لحاظ سے مفید ہے۔ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر حاصل کریں۔ ہدیہ مجلد اول پانچ روپے علاوہ محصولڈاک

" جلد دوم گیارہ روپے "

ملنے کا پتہ:۔ الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ

## پہلی ہومیوپیتھک نمائش

احباب کو "کیورٹیو سسٹم" کی جدید ادویا ہومیوپیتھک لٹریچر انگریزی اور اردو ... کتب اور دیگر مصنوعات سے متعارف کرانے کے لئے جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں پہلی ہومیوپیتھک نمائش کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

بیش قیمت ادویات کے نمونے مفت تقسیم کئے جائیں گے

بہت سی ادویات کے نسخے پہلی دفعہ منظر عام پر لائے جارہے ہیں

احباب زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں

ڈاکٹر راحیہ ہومیو اینڈ کمپنی گولبازار ۔ ربوہ

ادارۃ المصنفین ربوہ کی انقلاب انگیز مطبوعات

(۱) تفسیرِ صغیر عکسی (آرٹ پیپر) (۲) تاریخ احمدیت (۹ جلدوں میں) (۳) شرح صحیح بخاری دس جلدیں (۴) پہلا پارہ مسند احمد بن حنبل (۵) ہدایۃ المقتصد ترجمہ بدایۃ المجتہد (۶) المبشرات، الہامات وکشوف سیدنا المصلح الموعودؓ۔ ربوہ کے ہر بک سٹال سے خرید فرمائیے۔

ماہنامہ الفرقان کے جو خریدار جلسہ سالانہ پر تشریف لائیں وہ براہ مہربانی اپنا چندہ دفتر میں ضرور ادا فرمائیں تاکہ ان کے نام وی پی نہ کرنا پڑے۔ (مینجر الفرقان ربوہ)

"ھو الشافی"

## اطلاع عام

تپ دق کی سو فیصدی کامیاب اور آزمودہ دوائی (ٹوبر کولین)
جلسہ کے دنوں میں پتہ ذیل سے خریدیں
ناصر دین میڈیکل سٹور گولبازار ربوہ

قرصِ نور (محافظِ جوانی) جملہ شکایات کیلئے مفید۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ، گول کچہری بازار لائلپور

## جلسہ سالانہ کے مبارک ایام

میں
ہماری عارضی دکان
بالمقابل ایوانِ محمود
گول بازار ربوہ میں ہوگی
بیمار عورتوں کے معائنہ کا تسلی بخش انتظام ہوگا
مینجر دواخانہ حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ

## مرغی خانہ

کھولنے والے حضرات کے لئے خوشخبری
اعلیٰ قسم کے چوزے حاصل کرنے کے لئے خلیل پولٹری فارم ربوہ سے رجوع فرماویں۔ ہمارے ہاں ولایتی بٹھانے والے انڈے اور چوزے مناسب قیمت پر طلب کریں۔
قیمت ایک روزہ چوزے -/۱۵۰ سینکڑہ (۳ فیصد زائد)
بٹھانے والے انڈے -/۶ روپے درجن
ایک روزہ چوزوں کے لئے آرڈر جلد ریزرو کروائیں اور مشورہ مفت حاصل کریں۔
مینجر خلیل پولٹری فارم نزد تعلیم الاسلام کالج ربوہ

## شربت خانہ ساز

نزلہ، زکام، بلغمی کھانسی اور دمہ اور امراضِ سینہ میں چھوٹوں بڑوں سب کے لئے یکساں مفید ہے
نمونہ کی شیشی سوا روپیہ
دواخانہ خدمتِ خلق رجسٹرڈ ربوہ

دفتر سے خط وکتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں (مینجر)

سلسلہ عالیہ احمدیہ کے معروف شاعر و صحافی
حضرت قاضی محمد ظہور الدین اکملؓ
کی
دلگداز اور پُر تاثیر نظموں کا مجموعہ!

## نغمۂ اکملؓ

(سنہ ۱۹۰۶ء سے سنہ ۱۹۶۶ء تک)

جن میں سے
- بعض شاعر نے بزبان خود سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بارگاہ میں ارتجالاً پیش کیں اور داد پائی۔
- بیشتر حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بے پناہ عقیدت و ارادت کی مظہر ہیں۔
- اکثر سلسلہ احمدیہ کے اخبارات اور رسائل میں چھپ کر قبولِ عام کی سند حاصل کر چکی ہیں۔
- کئی مقامی اور بیرونی ممالک کے جلسوں اور اجتماعوں میں پڑھ کر سنائی جا چکی ہیں۔
- برسوں سے نایاب و نادستیاب تھیں اب پہلی مرتبہ مخفوظ کی یادگار کے طور پر کتابی صورت میں یکجا کر دی گئی ہیں۔

- آفسٹ، لیتھو اور بلاک پرنٹنگ کا حسین امتزاج۔
- $\frac{20 \times 26}{8}$ سائز کے ۴۰۰ صفحات
- سرورق آرٹ کارڈ، چار رنگ ڈیزائن
- قیمت ساتھ روپے۔
- سفید کاغذ پر خاص ایڈیشن دس روپے
- سلسلہ احمدیہ کی تاریخ و روایات اور قادیان کی یاد کو تازہ رکھنے کے لئے ہر احمدی کے پاس ہونی چاہیئے۔ خدام و اطفال کی تربیت کا پاکیزہ ذریعہ۔
- ربوہ کے بک سیلروں اور بک سٹالوں سے طلب کیجئے

جنید ہاشمی مکتبہ یادگارِ اکملؓ دار الصدر شرقی ربوہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ ۸۴ کتب کا
مکمل سیٹ

## تئیس ۲۳ جلدوں میں

ھدیہ -/۲۲۰ روپے علاوہ محصولڈاک
الناشر الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ
فون نمبر ۸۱

## دِل کشا پرفیومری کمپنی

نے جو قادیان کی سب سے پہلی کمپنی ہے جس نے اعلیٰ درجہ کی اشیاء از قسم
تیل و عطر
تیار کی تھیں اپنا کام شروع کر دیا ہے چنانچہ جلسہ سالانہ پر آپ کو اسکی مصنوعات ربوہ میں جنرل مرچنٹوں زنانہ نمائش گاہ اور ہمارے اپنے سٹال گول بازار سے مل سکیں گی دوست خرید کر فائدہ اٹھائیں۔
دل کشا پرفیومری مکان ۱۴ امانو سٹریٹ ۳۰۵ نسبت روڈ لاہور

زد جامِ عشق اعصاب اور پٹھوں کی طاقت کا بینظیر علاج تیار کردہ۔ دواخانہ خدمتِ خلق رجسٹرڈ ربوہ قیمت مکمل کورس بیس ۲۰ روپے

